36740-وہ مدت حیض میں بھی بیوی سے صبر نہیں کرسکتا

سوال

ایک شخص کی بیوی کو ماہواری سات دن تک جاری رہتی ہے اور وہ اس دوران صبر نہیں کرسکتا اس لیے کہ اس کی جنسی رغبت قوی ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے تا کہ وہ اس مشکل کو حل کرسکے ؟

پسندیدہ جواب

سوال نمبر (36722) کے جواب میں یہ بات .بیان ہوچکی ہے کہ آدمی کے لیے حالت حیض اور نفاس میں جماع کے علاوہ باقی سب کچھ جائز ہے اور ہر قسم کا استمتاع کرسکتا ہے ۔

اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جب حائضہ عورت سے مباشرت کے بارہ میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب تھا :

(نکاح کے علاوہ باقی سب کچھ کرو) یعنی جماع کے علاوہ صحیح مسلم حدیث نمبر (302) ۔

اورخاوند کو اپنی شہوت پوری کرنے کے لیے ایک اور بھی وسیلہ ہے کہ وہ بیوی کی رانوں کے مابین یا پھر بیوی کے ہاتھ سے اسے پورا کرلے اس کی دلیل اللہ تعالی کے فرمان کا عموم ہے :

.{اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ہاں ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارہ میں جن کے وہ مالک ہیں ان پر کوئی ملامت نہیں}. المعارج (29–30) ۔

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (826) کے جواب کا بھی مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .